اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بیرونِ ملک بذریعہ اسکائپ مدرسۃ المدینہ(بالغات) کے نکات

﴿1﴾ ملک نگران اسلامی بہن مدرسۃ المدینہ (بالغات) ذمہ دار (عالمی سطح) سے اس پر مشاورت کرلیں کہ بیرونِ ملک میں جن مقامات پر دُور دُور گھر ہونے کی وجہ سے (کم و بیش 60 کلو میٹر کا فاصلہ ہو) پڑھنے والیاں مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں ایک جگہ بالمشافہ جمع نہیں ہو سکتیں تو وہاں وہیں کی مُدرِّسہ (جو ناظرہ ٹیسٹ میں مجلس مدرسۃ المدینہ للبنات کے ذریعے کامیاب ہو چکی ہوں) فی سبیل اللہ مدرسۃ المدینہ (بالغات) بذریعہ اسکائپ پڑھائیں۔

﴿2﴾ جبکہ ایسے بیرونِ ملک جہاں مقامات 60 کلو میٹر سے کم فاصلے پر ہوں اور پڑھنے والیوں کا روزانہ بالمشافہ ایک جگہ جمع ہو کر پڑھنا ممکن ہو جبکہ مُدرِّسہ بذریعہ اسکائپ شامل ہوں گی تو تمام پڑھنے والی اسلامی بہنیں **"جگہ کا انتخاب کرنے کے نکات"** کے مطابق ایک جگہ جمع ہو کر وقتِ عصر کے اندر اندر پڑھیں۔

﴿3﴾ **مدرسۃ المدینہ بالغات کا شیڈول** 35 **منٹ** (**بذریعہ اسکائپ**) کے مطابق عمل کیا جائے۔
(یہ پیپر شیڈول برائے مدرسۃ المدینہ باالغات کے ساتھ موجود ہے)

﴿4﴾ مُدرِّسہ بذریعہ اسکائپ درجہ لگانے سے قبل روزانہ **"مدرسہ کی تربیت کے نکات"** کا بغور مطالعہ کر کے اس کے مطابق عمل کریں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿5﴾ مُدرِّسہ چونکہ بذریعہ اسکائپ شامل ہونگی لہٰذا مُدرِّسہ جس جگہ سے آن لائن ہوں گی وہ جگہ بھی ایسی ہو کہ پڑھنے والیوں کی آواز کا بھی پردہ رہے۔

﴿6﴾ مُدرِّسہ کے لیے اور ایک جگہ جمع ہو کر پڑھنے والیوں کے لیے internet connection, laptop/ p.c کا انتظام کیا جائے۔

☆ بہتر ہے کہ مُدرِّسہ مع پڑھنے والیاں کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کنیکشن کے اخراجات خود اُٹھائیں۔

﴿7﴾ بہتر ہے کہ پڑھنے والیوں میں کوئی ایک اسلامی بہن laptop operate کرنا جانتی ہوں، پھر اسی کو اس درجے کا ذمہ دار بنا دیا جائے۔

﴿8﴾ مدرسۃ المدینہ (بالغات) ذمہ دار (کابینہ / زون سطح) ہر ہفتے مُدرسہ کے ساتھ بذریعہ اسکائپ **مکمل شامل** ہو کر **"مدرسۃ المدینہ (بالغات) کا شیڈول 35 منٹ (بذریعہ اسکائپ)"** کے مطابق اس کی تفتیش کریں کمزوری ہونے پر احسن طریقے سے تفہیم اور بہتری ہونے پر حوصلہ افزائی کی جائے۔

﴿9﴾ داخلے 5 سے 7 ہوں اس سے زائد ایک گروپ میں شامل نہ ہوں۔

﴿10﴾ بذریعہ اسکائپ درجہ کا آغاز "السلام علیکم و رحمۃ اللہ وبرکاتہ" سے کیا جائے پھر حمد و صلوٰۃ کے بعد حاضری لی جائے، جواب میں لبیک کہنے کی سنت کی ادائیگی کی ترغیب دلائیں۔

﴿11﴾ سبق انفرادی طور پر رواں سننے کے بجائے ہجّے کے ساتھ پڑھایا جائے، کمزور اسلامی بہن کو خود ہجّے کے ساتھ مشق کروا کر سبق یاد کروایا جائے۔

﴿12﴾ مدرسۃ المدینہ (بالغات) کا اختتام "**مدنی مقصد کی دہرائی**" اور مجلس کے اختتام کی دعا پڑھ کر کیا جائے۔